ایٹمی توانائی کمیشن اور عبدالسلام انٹرنیشنل سنٹر کے درمیان تعاون کا معاہدہ

سنٹر فار تھیوریٹیکل فزکس ہر سال 25 فیلو شپس کمیشن کو دے گا' تعاون 60ء کی دھائی سے جاری

اسلام آباد (خصوصی نمائندہ) پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن اور عبدالسلام سنٹر افار تھیوریٹیکل فزکس ایک معاہدے کے تحت سائنس و ٹیکنالوجی میں تعاون بڑھانے پر رضامند ہوگئے ہیں اس معاہدے کے پروٹوکول پر چیئرمین پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن پرویز بٹ اور سنٹر کے ڈائریکٹر کے آر سری نواسن نے سنٹر کی چالیسویں سالگرہ کے موقع پر پچھلے ہفتے اٹلی کے شہر (Trieste) میں اس

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6

اٹلی: پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین اور اے ایس آئی سی ٹی پی کے ڈائریکٹر معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

بقیہ 6 — ایٹمی توانائی کمیشن

معاہدے کے تحت سنٹر ہر سال 25 فیلو شپس پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن کیلئے دے گا یہ معاہدہ اس مینڈیٹ کا حصہ ہے جس کا مقصد فزکس اور ریاضی میں ترقی پذیر ممالک میں سائنسی تحقیق کی سہولیات فراہم کرنا ہے جو جامع تحقیقی پروگرام اور سائنسی معلومات کے تبادلے کی فراہمی کے ذریعے ممکن ہو گی پاکستان کے اس ادارے سے 60ء کی دہائی کے آغاز ہی سے باہمی مفاد پر مبنی تعلقات قائم رہے اور اس سلسلے میں تعاون وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتا رہا انٹرنیشنل سنٹر فار تھیوریٹیکل فزکس پاکستان کے نوبل انعام یافتہ سائنسدان عبدالسلام نے قائم کیا جو ان کی وفات کے بعد ان سے منسوب ہو کر اب عبدالسلام انٹرنیشنل سنٹر فار تھیوریٹیکل فزکس کہلاتا ہے۔